SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
December 20, 2023

ایس ای سی پی کا سرمایہ کاری کی غیر قانونی سکیموں کے خلاف عوام کو انتباہ

اسلام آباد (دسمبر 20) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے علم میں آیا ہے کہ میسرز پرائم زون اور اس کے مالک عمران بٹ عوام الناس کو زیادہ منافع کا لالچ دے کر عوام سے غیر قانونی طور پر ڈپازٹ اکٹھا کر رہے ہیں اور سرمایہ کاری کی غیر قانونی اسکیمیں بتا کر گمراہ کر رہے ہیں۔
پیش کرنے میں ملوث ہیں۔

ان لوگوں نے "Prime Zone Ltd" کے نام سے سوشل میڈیا اکوئنٹ بنا رکھے ہیں اور ایک رجسٹرڈ کمپنی ہونے کا غلط تاثر دیتے ہیں۔ پرائم زون کے نام سے کام کرنے والے یہ افراد عوام سے سے ایل پی جی کی تجارت میں سرمایہ کاری کے نام پر پیسے بٹور تے یں۔ عوام کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ 'پرائم زون لمیٹڈ' کے نام کی کوئی کمپنی ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ نہیں ہے اور نہ ہی اس نام کے کسی ادارے کو عوام سے ڈپازٹ یا سرمایہ کاری اکٹھا کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔

عوام کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ پرائم زون اور اس کے مالک عمران بٹ کے پاس کسی بھی شکل میں اور کسی بھی انتظام میں فنڈز جمع/ سرمایہ کاری نہ کریں۔

ایس ای سی پی نے ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005